**31.03.2024**

**13.50 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں اصغرعلی

**Music**

---

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ نئے حقائق سے یہ انکشاف ہوا ہے کہ کانگریس نے کس طرح بغیر سوچے سمجھے Katchatheevu جزیرہ سری لنکا کو دے دیا تھا۔

☆ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج نئی دلّی میں سابق نائب وزیر اعظم لال کرشن اڈوانی کو ملک کے اعلیٰ ترین سویلین ایوارڈ، بھارت رتن سے سرفراز کیا۔

☆ وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے کہا ہے کہ موجودہ مالی سال کی چوتھی سہ ماہی میں بھارت کی GDP کی شرح ترقی، 8 فیصد سے زیادہ رہنے کی امید ہے۔

☆ بھارت کے ٹینس اسٹار روہن بوپنا نے آسٹریلیا کے اپنے ساتھی کھلاڑی کے ساتھ ملکر میامی اوپن ٹورنامنٹ میں تاریخی کامیابی حاصل کی ہے۔

☆ اور...... IPL کرکٹ میں آج گجرات ٹائٹنس کا مقابلہ سن رائزرس حیدرآباد سے جبکہ ڈیلی کیپٹلس کا چنئی سپر کنگس سے ہوگا۔ x

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

### PM Congress Sri Lanka

وزیر اعظم نریندر مودی نے 1974 میں Katchatheevu جزیرہ، سری لنکا کو دینے پر کانگریس کی نکتہ چینی کی ہے۔ جناب مودی نے دعویٰ کیا کہ بھارت کے اتحاد، سالمیت اور مفادات کو کمزور کرنا، 75 سال تک کانگریس کا کام کرنے کا طریقہ رہا ہے۔

تمل ناڈو BJP کے سربراہ K. Annamalai نے RTI کے ذریعے جو دستاویزات حاصل کی ہیں، اُن سے

یہ انکشاف ہوا ہے کہ بھارت نے کس طرح Katchatheevu جزیرے کا کنٹرول، سری لنکا کے حوالے کرنے کا فیصلہ کیا تھا۔ اِسی کے بعد وزیر اعظم کا یہ بیان سامنے آیا ہے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب مودی نے کہا کہ یہ حقیقت نہایت تعجب خیز اور حیرت انگیز ہے کہ کانگریس نے کس طرح بغیر سوچے سمجھے Katchatheevu جزیرہ دے دیا۔

انھوں نے یہ بھی کہا کہ اِس سے ہر بھارتی شہری میں ناراضگی ہے اور عوام کے ذہن میں یہ بات پھر سے جاگ اٹھی ہے کہ کانگریس پر کبھی بھی بھروسہ نہیں کیا جاسکتا۔ x

## Bharat Ratna Advani

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج سابق نائب وزیر اعظم لال کرشن اڈوانی کو ملک کے اعلیٰ ترین سویلین ایوارڈ، بھارت رتن سے سرفراز کیا۔ صدر جمہوریہ نے نئی دلّی میں جناب اڈوانی کی رہائش گاہ پر جاکر اُنھیں یہ ایوارڈ پیش کیا۔ اِس موقع پر نائب صدر جگدیپ دھنکھڑ اور وزیر اعظم نریندر مودی بھی موجود تھے۔

اس کے علاوہ سابق نائب صدر ایم وینکیا نائیڈو، وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ، وزیر داخلہ امت شاہ اور جناب اڈوانی کے ارکانِ خاندان بھی وہاں موجود تھے۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر کہا ہے کہ بھارتی سیاست کی سرکردہ شخصیت لال کرشن اڈوانی نے سات دہائیوں سے زیادہ عرصے تک پختہ عزم، لگن اور غیر معمولی مہارت کے ساتھ ملک کی خدمت کی۔

محترمہ مرمو نے کہا کہ ثقافتی حب الوطنی کے اپنے نظریے کے ساتھ جناب اڈوانی نے سماجی اور سیاسی منظر نامے میں دہائیوں تک سخت محنت کی اور اہم تبدیلیاں لائیں۔ صدر جمہوریہ نے کہا کہ جب ایمرجنسی سے بھارت کی جمہوریت کو خطرہ لاحق تھا تب اپنے جانباز جذبے کے ساتھ انھوں نے جابرانہ طاقت سے ملک کو بچانے میں مدد کی۔ محترمہ دروپدی مرمو نے کہا کہ بھارت کے ثقافتی احیا کیلئے جناب اڈوانی کی طویل اور انتھک جد و جہد 2024 میں ایودھیا میں شری رام مندر کی تعمیر نو کے ساتھ انجام تک پہنچی۔ x

## Sitharaman

وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے کہا ہے کہ موجودہ مالی سال کی چوتھی سہ ماہی میں بھارت کی GDP کی شرح ترقی، 8 فیصد سے زیادہ رہنے کی امید ہے۔ وہ ممبئی میں سرمایہ کاری سربراہ کانفرنس سے خطاب کر رہی تھیں۔ محترمہ سیتا رمن نے کہا کہ افراطِ زر پر بہتر انداز سے کنٹرول کرنے اور میکرو اقتصادی استحکام کے اثرات کے تناظر میں مالی سال

2023-24 میں بھی معیشت کی شرح ترقی، اُسی سطح پر رہنے کا امکان ہے۔

ایشیا میں بھارت تیسری سب سے بڑی معیشت ہے اور اکتوبر سے دسمبر تک کی سہ ماہی میں سالانہ بنیاد پر شرح ترقی 8 اعشاریہ 4 فیصد رہی جبکہ سابقہ سہ ماہی میں یہ 7 اعشاریہ 6 فیصد ریکارڈ کی گئی تھی۔

محترمہ سیتا رمن نے کہا کہ تیسری سہ ماہی میں 8 اعشاریہ چار فیصد کی شرح ترقی کے تناظر میں مختلف اداروں نے بھارت کیلئے GDP کی ترقی کے اپنے تخمینے میں اضافہ کیا ہے۔ x

## PM - Meerut

BJP کے سینئر لیڈر اور وزیر اعظم نریندر مودی آج میرٹھ میں ایک ریلی سے خطاب کرکے اترپردیش میں چناوٴ مہم کا آغازکررہے ہیں۔ BJP نے میرٹھ لوک سبھا سیٹ سے ٹی وی سیریل رامائن سے مشہور ہوئے اداکار ارون گووِل کو میدان میں اتارا ہے۔ اترپردیش کے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ، راشٹریہ لوک دَل کے صدر جینت چودھری اور BJP کے کئی دیگر رہنما اِس موقع پر موجود ہوں گے۔

اترپردیش میں 7 مرحلوں میں لوک سبھا انتخابات کرائے جارہے ہیں۔ BJP کی قیادت والے NDA نے اعتماد ظاہر کیا ہے کہ وہ مرکز میں دوبارہ اقتدار میں آئے گا اور اِس کیلئے اترپردیش اہم ریاست ثابت ہوگی، کیونکہ یہاں لوک سبھا کی سب سے زیادہ تعداد میں 80 حلقے ہیں۔x

## Opposition Rally BJP

اپوزیشن کا انڈین نیشنل ڈیولپمنٹل Inclusive الائنس، آئی این ڈی آئی اے، مختلف معاملات کے خلاف احتجاج کرنے کیلئے آج دلّی کے رام لیلا میدان میں ایک مہا ریلی کر رہا ہے۔ اِن معاملات میں دلّی کے وزیر اعلیٰ اروند کجریوال کی گرفتاری کا معاملہ بھی شامل ہے۔ ریلی میں شرکت کرنے والے کئی اپوزیشن لیڈروں نے زور دے کر کہا ہے کہ آئین اور جمہوریت کو بچانے کیلئے اِس کا اہتمام کیا جا رہا ہے۔

پٹنہ میں پچھلے سال جون میں اِس مخلوط اتحاد کی تشکیل کے بعد سے آئی این ڈی آئی اے اتحاد کا یہ پہلا عوامی جلسہ ہے۔

اِدھر بھارتیہ جنتا پارٹی BJP نے قومی راجدھانی میں رام لیلا میدان پر اپوزیشن آئی این ڈی آئی اے کی ریلی پر یہ کہتے ہوئے سخت تنقید کی ہے کہ یہ جمہوریت کو بچانے کیلئے نہیں ہے جیساکہ بتایا جا رہا ہے بلکہ یہ کنبے کو بچانے اور بدعنوانی کو چھپانے کی ریلی ہے۔ نئی دلّی میں پارٹی ہیڈکوارٹرس میں نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے BJP کے ترجمان سدھانشو ترویدی نے کہا کہ یہ پارٹیاں، بھارتی سیاست میں ساکھ کے بحران کی عکاسی کرتی ہیں جبکہ

وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں BJP ساکھ کی سیاست کی علامت ہے، اور اپنے وعدوں کو پورا کرنا اُس کا ریکارڈ رہا ہے۔ x

## Easter

آج دنیا بھر میں ایسٹر کا تہوار منایا جا رہا ہے۔ یہ دن، عیسائی عقیدے کے مطابق عیسیٰ مسیح کو مصلوب کیے جانے کے بعد دوبارہ نمودار ہونے کی یاد میں منایا جاتا ہے۔ کل رات، ملک بھر کے مختلف گرجا گھروں میں ایسٹر کے دعائیہ جلسوں کا اہتمام کیا گیا۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر جگدیپ دھنکھڑ اور وزیر اعظم نریندر مودی نے ایسٹر کے موقع پر لوگوں، خاص طور پر عیسائی برادری کو مبارکباد دی ہے۔

صدر جمہوریہ نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ یہ تہوار، عیسیٰ مسیح کے دوبارہ نمودار ہونے کے جشن کا موقع ہے اور یہ پیار اور رحمدلی کی علامت ہے۔

نائب صدر جمہوریہ نے کہا ہے کہ ایسٹر کا تہوار، پیار، محبت اور درگزر کرنے کے اثر کی یاد دلاتا ہے۔

وزیر اعظم مودی نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ ہم یہ امید کرتے ہیں کہ پُر امیدی اور تجدید کا پیغام سبھی کی حوصلہ افزائی کرے گا اور یہ دن سبھی لوگوں کو متحدہ رہنے کی ترغیب دے گا۔ x

## J&K Soldiers Training

جموں کشمیر میں اِس سال امرناتھ یاترا پر جانے والے عقیدتمندوں کی سلامتی اور تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے تیاریاں جاری ہیں، جس میں قدرتی آفات سے پیدا ہونے والے حالات سے نمٹنے اور بچاؤ کارروائی پر توجہ مرکوز کی جا رہی ہے۔

امید ہے کہ سالانہ امرناتھ یاترا، جون کے اواخر میں شروع ہوگی اور تقریباً دو مہینے جاری رہے گی۔ اِس میں ملک بھر سے لاکھوں عقیدتمند بابا برفانی کا آشرواد حاصل کرنے کیلئے شامل ہوتے ہیں۔ چونکہ یاترا دشوار گزار پہاڑی راستے سے ہوکر گزرتے ہیں اس لئے حکام کسی بھی طرح کے حادثے کی روک تھام اور ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کیلئے پوری طرح مستعد ہیں۔

ایک ہزار 300 تربیت یافتہ سپاہیوں پر مشتمل کوہ پیما امدادی ٹیم، یاترا کے راستے پر عقیدتمندوں کے سامنے آنے والے چیلنجوں سے نمٹنے کیلئے پوری طرح تیار ہیں۔ فی الحال پولیس، NDRF اور نیم فوجی دستوں سمیت مختلف سکیورٹی فورسز کے اہلکاروں کو سامبا میں پہاڑی علاقوں میں خصوصی تربیت دی جا رہی ہے۔ x

## DP - Newsclick

دلّی پولیس کے خصوصی سیل نے نیوز کِلک کے بانی اور ایڈیٹر Prabir Purkayastha کے خلاف غیرقانونی سرگرمیوں کی روک تھام سے متعلق قانون کے تحت کیس میں ایک چارج شیٹ داخل کی ہے۔ الزامات ہیں کہ نیوز پورٹل نیوز کِلک نے چین کے حق میں پروپیگنڈہ کرنے کیلئے فنڈز حاصل کئے۔ حکام کے مطابق یہ چارج شیٹ تقریباً 9 ہزار صفحات پر مشتمل ہے، جس میں تحقیقات کے سلسلے میں مارے گئے کئی چھاپوں کے دوران حاصل کئے گئے 480 الیکٹرانک آلات کے بارے میں معلومات درج ہیں۔ چارج شیٹ میں Purkayastha کے خلاف اُن الزامات کا بھی ذکر ہے، جس میں انھوں نے کشمیر اور اروناچل پردیش کو بھارت کا حصہ نہیں قرار دیا ہے۔ دلّی کی پٹیالہ ہاؤس عدالت اِس معاملے کی اگلی سماعت اگلے مہینے کی 16 تاریخ کو کرے گی۔

دلّی پولیس نے پچھلے سال 3 اکتوبر کو امریکہ کے راستے چین سے غیر قانونی فنڈز وصول کرنے کے الزام میں نیوز کلک کے بانی کو، ایچ آر ہیڈ امت چکرورتی کے ہمراہ گرفتار کیا تھا۔x

## Rohan Bopanna Tennis

بھارت کے ممتاز ٹینس کھلاڑی روہن بوپنّا اور آسٹریلیا کے اُن کے ساتھی میتھیو ایبڈن نے کل میامی اوپن میں مردوں کے ڈبلز کے فائنل میں تاریخی جیت درج کی ہے۔ اس جوڑی نے کروشیا کے Ivan-Dodic اور امریکہ کے آسِٹن Krajicek کی جوڑی کو چھ-سات، چھ-تین، دس-چھ سے شکست دی۔

44 سالہ بوپنّا، ATP ماسٹرس-1000 ٹائٹل جیتنے والے سب سے زیادہ عمر کے کھلاڑی بن گئے ہیں۔ اس کے علاوہ وہ ATP ماسٹرس-1000 کے سبھی 9 مقابلوں کے فائنل میں پہنچنے والے دوسرے بھارتی کھلاڑی بھی بن گئے ہیں۔ اس جیت کے ساتھ ہی ATP کی درجہ بندی میں انھوں نے اپنا اعلیٰ مقام پھر سے حاصل کر لیا ہے۔ x

## IPL Cricket

IPL کرکٹ میں آج دو میچ کھیلے جانے ہیں۔ احمد آباد کے نریندر مودی اسٹیڈیم میں سہ پہر ساڑھے تین بجے گجرات ٹائٹنس کا مقابلہ سن رائزرس حیدرآباد سے ہوگا۔

اُدھر وشاکھا پٹنم کے وائی ایس راج شیکھر ریڈی اسٹیڈیم میں شام ساڑھے سات بجے ڈیلی کیپٹلس کا سامنا چنئی سپر کنگس سے ہوگا۔

کل رات لکھنؤ کے اٹل بہاری واجپئی ایکانا کرکٹ اسٹیڈیم میں لکھنؤ سُپر جائنٹس نے پنجاب کنگس کو 21 رن

سے ہرادیا۔X

☆☆☆☆☆☆